# 130420 ـ قرضوں کی ادائیگی کیلئے استطاعت ہے تو کیا قرضوں کی موجودگی میں حج کر سکتا ہے؟

### سوال

میں حج کرنا چاہتاہوں ۔۔۔ لیکن مجھ پر قرض ہے، میں سات سال سے قرض خواہوں کو مِلا بھی نہیں ہوں ، میں نے خط و کتابت اور ٹیلیفون کے ذریعے رابطے کی بہت کوشش کی ہے، اور ان کے بارے میں میں نے لوگوں سے بھی پوچھا ہے، لیکن ان سے ملاقات نہیں ہوسکی، میں اس ملک میں نہیں رہتا جہاں وہ رہتے ہیں، تو میں کیا کروں؟ سات سال سے میں ان کو تلاش کرنے کی ناکام کوششیں کر رہاہوں، تو ان حالات میں حج کیسے کروں ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس حالت میں آپکو حج سے نہیں روکا جاسکتا ، اس لئے کہ آپ جس وقت بھی ان سے ملیں گے تو قرض کی ادائیگی کر سکتے ہیں، اور آپ خود بھی ذہنی طور پر قرض ادا کرنے کیلئے تیار ہو، تو اس حالت میں آپ کو حج سے نہیں روکا جا سکتا، آپ انکی تلاش میں رہیں جیسے ہی آپکو ملیں آپ انکا حق واپس کردیں۔

واللہ اعلم .